166106- منی اور مذی کے اوصاف میں فرق

سوال

منی اور مذی میں کیسے فرق کر سکتا ہوں، کیا اس کی بو سے اس میں فرق کیا جا سکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

منی اور مذی کے ما بین تین بنیادی فرق ہیں، جو کہ درج ذیل ہیں :

1- منی کا خروج اچھل کر اور بھرپور طاقت کے ساتھ ہوتا ہے، جبکہ مذی اچھلے بغیر خارج ہوتی ہے، بلکہ بسا اوقات انسان کو منی خارج ہونے کا احساس تک نہیں ہوتا۔

2- منی گاڑھا، سفید اور کثیف مادہ ہوتا ہے، اس کی بو گوندھے ہوئے آٹے جیسے ہوتی ہے، جبکہ مذی شفاف، لیس دار، پتلا اور بے بو مادہ ہوتا ہے۔

3- منی خارج ہونے کے بعد شہوت ماند پڑ جاتی ہے جبکہ مذی خارج ہونے سے جسم میں شہوت کم نہیں ہوتی۔

امام نووی رحمہ اللہ "المجموع" (2/141) میں کہتے ہیں :
"ان تینوں فروق میں سے کوئی ایک بھی ہو تو خارج ہونے والا مادہ منی ہوگا، تینوں کا یک جا ہونا شرط نہیں ہے؛ چنانچہ اگر ان تینوں میں سے کوئی بھی علامت نہ ہو تو خارج ہونے والا مادہ منی نہیں ہوگا" انتہی

اسی طرح دائمی فتوی کمیٹی کے فتاوی : (4/138) میں ہے کہ :
"منی سفید اور گاڑھا سیال مادہ ہوتا ہے جو کہ آلہ تناسل سے لذت کے ساتھ اچھل کر نکلتا ہے، منی خارج ہونے کے بعد انسان جسم میں ڈھیلا پن محسوس کرتا ہے، نیز صحیح موقف کے مطابق منی پاک ہے، اگر کپڑوں پر منی لگ جائے تو اسے دھونا یا کھرچ دینا مستحب ہے، اگر انسان کی منی خارج ہو جائے تو اس سے غسل واجب ہوتا ہے، چاہے منی کا اخراج جماع کی وجہ سے ہو یا احتلام کی صورت میں، البتہ اگر منی کا خروج لذت کے بغیر بیماری یا سخت سردی کی وجہ سے ہو تو اس سے غسل واجب نہیں ہوتا، تاہم اس سے وضو ٹوٹ جائے گا اور وضو کرنا ہوگا۔

مذی : پتلا، سفید اور لیس دار مادہ ہوتا ہے جو کہ بیوی کے ساتھ رومانس کرتے ہوئے یا جماع کے متعلق سوچتے ہوئے اچھلے بغیر خارج ہوتا ہے، مذی خارج ہونے کے بعد جسم میں ڈھیلا پن بھی نہیں آتا، مذی نجس ہے اور اس کے نکلنے پر وضو ٹوٹ جائے گا نیز آلہ تناسل کو دھونا ہوگا، جسم اور کپڑوں کے جس حصے پر لگے اس پر پانی کے چھینٹے مارنا ضروری ہے۔

ودی : گاڑھا اور سفید مادہ ہوتا ہے جو کہ آلہ تناسل سے پیشاب کرنے کے بعد خارج ہوتا ہے، یہ نجس ہوتا ہے اور اس سے وضو کرنا لازمی ہوگا" انتہی

مزید کیلیے سوال نمبر : (99507) کا جواب ملاحظہ کریں۔

واللہ اعلم.